© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرینِ آخرت

● **شیخ بشیر احمد مرحوم:** مجلس احرار اسلام ملتان کے صدر شیخ بشیر احمد نور محلی ۶ ؍ اپریل ۲۰۰۷ء کو اچانک انتقال کر گئے۔ مرحوم گزشتہ پینتالیس سال سے مجلس احرار اسلام سے وابستہ تھے۔ مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے خاص اور پیارے دوستوں میں سے تھے۔ انھوں نے جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ کے دروس قرآن اور سیکڑوں خطبات سنے جس کے نتیجے میں اُن کی زندگی میں دینی انقلاب آیا۔ وہ ایک متشرع شکل وصورت والے صوم وصلوٰۃ کے پابند مسلمان بن گئے۔ انھوں نے مجلس احرار اسلام اور خاندانِ امیر شریعت سے وفا کی لازوال مثال قائم کی۔ وہ گزشتہ پچیس برس سے مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن تھے۔ اُن کی نمازِ جنازہ قائدِ احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری نے ۷؍ اپریل ۲۰۰۷ء کو عیدگاہ ملتان میں پڑھائی۔ سید محمد کفیل بخاری، سید محمد معاویہ بخاری، احرار کارکنوں اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور اشکبار آنکھوں سے انھیں سپردِ خاک کیا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

● **اہلیہ مرحومہ، مولانا محمد شفیعؒ:** مدرسہ سراج العلوم جھنگ روڈ کبیر والہ کے بانی مولانا محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ اور مدرسہ کے موجودہ مہتمم مولانا عطاء الحق قاسمی کی والدہ صاحبہ کبیر والہ میں انتقال کر گئیں۔ مرحومہ بہت صابرہ اور ہمت والی خاتون تھیں۔ انہوں نے اپنے خاوند اور دو نوجوان بیٹوں (مولانا محمد معاویہ اور قاری محمد زبیر) کی وفات کے بعد بھی صبر کا دامن تھامے رکھا۔

ابن امیر شریعت حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری، مدیر نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری اور رکن ادارہ محمد یوسف شاد نے مرحومہ کے فرزندان مولانا عطاء الحق قاسمی، امجد زکریا، حسنین حیدر، محمد عمر فاروق اور تمام پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اور مرحومہ کے لیے دعاءِ مغفرت کی ہے۔

● مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم ملتان کے درجہ کتب کے استاد مولانا محمد فواد صاحب کے والد محترم ملک رحیم بخش ۲۰؍ اپریل ۲۰۰۷ء بروز جمعہ بستی مراد پور، شہر سلطان میں انتقال کر گئے۔

● اہلیہ مرحومہ، مولانا عبدالرشید انصاری (مدیر ماہنامہ "نورٌ علیٰ نور" کراچی)

● چیچہ وطنی میں ہمارے دیرینہ ساتھی چودھری محمد اشرف چک نمبر ۱۲۔۳۵، ایل کے والد گرامی چودھری محمد مختار (انتقال: ۳۱؍ مارچ ۲۰۰۷ء)

● ماہنامہ "نقیب ختم نبوت" کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کے چچازاد بھائی غلام قاسم (سعودی عرب ٹاور حادثے میں جاں بحق ہوگئے)

● خوش دامن مرحومہ، صوفی رب نواز (گڑھا موڑ، میلسی۔ ۴؍ اپریل ۲۰۰۷ء)

● خوش دامن مرحومہ، ملک غلام رسول (بیٹ میر ہزار، مظفر گڑھ) ● دختر مرحومہ، شیخ محمد یونس مرحوم (ملتان)

● جامعہ محی الاسلام عثمانی اوکاڑہ کے مہتمم اور جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا قاری غلام محمود انور کی اہلیہ مرحومہ (انتقال: ۱۷؍ اپریل ۲۰۰۷ء)

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے۔ نیز تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ آمین! (ادارہ)



© rasailojaraid.com